نسلی مساوات کی ترویج کے لیے موجودہ
اور تجویز کردہ اقدامات

گورنمنٹ پراپرٹی ایجنسی

گورنمنٹ پراپرٹی ایجنسی (GPA) کی بنیادی سرگرمیوں میں سے ایک یہ ہے کہ تجارت کے امکانی نقطہ نظر سے سے حکومت کی اضافی جائیدادوں کو لیز پر دیا جائے اور نئے تجارتی پیش رفتی اقدامات کا نفاذ کیا جائے جہاں موزوں ہوں۔ ہم نسلی پس منظر سے قطع نظر، عامۃ الناس کے تمام ارکان کو متعلقہ سروسز تک مساوی رسائی کو یقینی بنانے کو انتہائی اہمیت کا گردانتے ہیں۔

متعلقہ خدمات	• GPA کی متعلقہ خدمات میں شامل ہیں (i) لیزنگ اور فروخت کے ذریعے اضافی کوارٹرز سے خلاصی اور (ii) تجارت کے امکانی نقطہ نظر سے اضافی حکومتی جائیدادوں کی کرایہ پر دینا۔
موجودہ اقدامات	• ٹینڈر جس میں سابقہ حکومتی کوارٹرز کی خریداری کی دعوت دی جاتی ہے اور ٹینڈر/کوٹیشن جن میں حکومتی جائیدادوں کو کرایہ پر دینے کی دعوت دی جاتی ہے GPA کی ویب سائٹ پر ہانگ کانگ کی دو سرکاری زبانوں (یعنی چینی اور انگریزی) میں دستیاب ہیں۔
	• سالانہ رپورٹ برائے GPA اور ماحولیات کی رپورٹ بھی ہماری ویب سائٹ پر دونوں سرکاری زبانوں میں شائع کی جاتی ہیں۔
	• زبان سے متعلقہ سروسز کا انتظام کیا جاتا ہے جہاں ضروری اور موزوں ہو۔
مستقبل کے کام کا جائزہ	• GPA وقتاً فوقتاً ہماری سروسز کا جائزہ لیتی ہے، جو اس نقطہ نگاہ سے لیا جاتا ہے کہ مختلف النسل افراد کی ضروریات کو پورا کیا جا سکے۔
اضافی اقدامات جو لیے گئے/جو کہ لیے جانے ہیں	• جہاں ضرورت ہو اور موزوں سمجھا جائے وہاں ترجمانی کی سہولت کا سنٹر فار ہارمونی اینڈ اینہانسمنٹ آف ایتھنک مائنارٹری ریزیڈینٹس (CHEER) کی طرف سے انتظام کیا جاتا ہے۔ CHEER آٹھ زبانوں، جن کے نام بھاشا انڈونیشیا، ہندی، نیپالی، پنجابی، اردو، تگالوگ، تھائی اور ویت نامی ہیں، میں ٹیلیفون ترجمانی کی سروسز فراہم کرتا ہے۔
	• عملے کے لیے تربیتی کا انتظام کیا جاتا ہے تاکہ نسلی مساوات کے حوالے سے ان کی آگہی، اور حساسیت میں بہتری لائی جا سکے۔

- GPA باقاعدگی سے "ترجمانی / ترجمہ کی سروسز کی ضرورت" اور ان سروس استعمال کنندگان کی "ترجیحی زبان" سے متعلق معلومات کی جمع آواری کرتی ہے جن کو ترجمانی / ترجمہ کی سروسز درکار ہوتی ہیں تاکہ نسلی مساوات کی ہماری پالیسیوں اور اقدامات کا جائزہ لیا جائے، اور سروس کی فراہمی کے حوالے سے مسلسل بہتری لانے کے قابل بنا جائے۔

- مسلسل بہتری کے لیے موجودہ اقدامات کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جائے گا۔

- آراء / تجاویز کو بھی پیش نظر رکھا جائے گا تاکہ جائزہ لیا جائے کہ آیا جہاں ضروری اور موزوں ہو وہاں مزید بہتریاں لائی جا سکتی ہیں۔

استفسارات کے لیے، براہ مہربانی Mr. Michael LAM، اسسٹنٹ ڈپارٹمنٹل سیکرٹری (ایڈمنسٹریشن)2 سے درج ذیل واسطوں کے ذریعے رابطہ قائم کریں -

ٹیلیفون نمبر : 3842 6797
فیکس نمبر : 2877 9423
ای میل : enquiry@gpa.gov.hk
ڈاک کا پتہ : Government Property Agency
9/F., South Tower
West Kowloon Government Offices
11 Hoi Ting Road, Yau Ma Tei
Kowloon

گورنمنٹ پراپرٹی ایجنسی
مئی 2023